روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
FD-10

الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

جمعرات 8/اپریل 2010ء 22ربیع الثانی 1431 ہجری 8شہادت 1389ہش جلد 60-95 نمبر 76

اطاعت کرنے والے

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:-

مومن مرد اور مومن عورتیں ایک دوسرے کے دوست ہیں وہ اچھی باتوں کا حکم دیتے ہیں اور بری باتوں سے روکتے ہیں اور نماز کو قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتے ہیں۔ یہی ہیں جن پر اللہ ضرور رحم کرے گا۔ یقیناً اللہ کامل غلبہ والا (اور) بہت حکمت والا ہے۔ (توبہ:71)

اور جو اپنے رب کی آواز پر لبیک کہتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور ان کا امر باہمی مشورہ سے طے ہوتا ہے اور اس میں سے جو ہم نے انہیں عطا کیا خرچ کرتے ہیں۔ (الشوریٰ:39)

جلسہ سالانہ سپین سے حضور انور کا اختتامی خطاب، معاشرے کی برائیوں سے بچنے اور نیکیوں کو اختیار کرنے اور پھیلانے کی تلقین

مومن کا مطمح نظر خیر اور بھلائی کی ہر ایک قسم میں سبقت لے جانا ہے

محبت، تعظیم اور اطاعت کے جذبے سے آنحضرتؐ کے نقش قدم پر چلنا انسان کو خدا تعالیٰ کا محبوب بنا دیتا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے جماعت احمدیہ سپین کے جلسہ سالانہ 2010ء سے اختتامی خطاب فرمودہ 3/اپریل 2010ء کا خلاصہ

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 3/اپریل 2010ء کو جماعت احمدیہ سپین کے جلسہ سالانہ سے اختتامی خطاب فرمایا۔ جس کے لئے حضور انور پاکستانی وقت کے مطابق رات آٹھ بجکر سات منٹ پر جلسہ گاہ پیدروآباد سپین تشریف لائے۔ حضور انور کی آمد پر جلسہ گاہ میں موجود حاضرین کی جانب سے فلک شگاف نعرہائے تکبیر فضا میں بلند ہوئے۔ حضور انور کا یہ اختتامی خطاب مختلف زبانوں میں تراجم کے ساتھ ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر براہ راست ٹیلی کاسٹ کیا گیا۔ تلاوت و نظم کے بعد حضور انور کا اختتامی خطاب شروع ہوا۔

حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ مومنوں کے سامنے ایک مطمح نظر ہونا چاہئے جس سے ترقی کی منازل طے ہوں گی۔ پھر فرمایا گیا ہے کہ اے مومنو تم بہترین قوم ہو جو دنیا کے فائدے اور بھلائی کے لئے پیدا کئے گئے ہو اور یہ فائدہ تبھی پہنچایا جا سکتا ہے جب اپنے پاس وہ سامان ہوں جو دوسروں کے لئے فائدہ مند ہوں۔ یہ اعلیٰ ترین خزانہ جس سے ایک مومن دوسرے کو فائدہ پہنچا سکتا ہے، وہ نیکی کی باتیں اور اعلیٰ اخلاق ہیں جو کہ ایک انسان کو خدا تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے والا بناتے ہیں، اس کے علاوہ خدا تعالیٰ کی آخری اور کامل و مکمل تعلیم کو پھیلانے والے عمل ہیں جو اپنے لئے بھی اور دوسروں کے لئے بھی دنیا و عاقبت سنوارنے کا باعث بنتے ہیں۔ پس ہمارا مطمح نظر نیکیوں میں بڑھنا ہونا چاہئے۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ خیر اور بھلائی کی ہر ایک قسم میں سبقت کرو اور زور مار کر سب سے آگے چلو۔ پس ہر فرد مومن کو بہترین قوم کا لقب پانے کے لئے فاستبقوا الخیرات پر توجہ دینی ہوگی۔

حضور انور نے فرمایا کہ خدا تعالیٰ نے ایک کامل انسان حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے عمل کو بطور نمونہ قائم فرما کر مسلسل کوشش کرتے چلے جانے کی طرف توجہ دلائی ہے۔ پس آنحضرتؐ کا نمونہ ہے جس کے مطابق اپنی زندگیوں کو ڈھالنے کی خدا تعالیٰ نے ہمیں توجہ دلائی ہے۔ یقیناً ایک عام مومن اس معیار تک نہیں پہنچ سکتا لیکن اس کے باوجود خدا تعالیٰ نے فرمایا کہ یہ بلند ترین ٹارگٹ تم اپنے سامنے رکھو اور اس کے لئے اپنی صلاحیتوں اور استعدادوں کے مطابق عمل کرنے کی کوشش کرو۔ نیک نیتی سے اس طرف توجہ کرنے سے خدا تعالیٰ اپنے بندے کی کمزوریوں اور کمیوں کو اپنی رحمت اور مغفرت میں ڈھانپ لیتا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ خدا تعالیٰ نے اپنی رضا اور اپنے ساتھ سچے پیار کے تعلق کو آنحضرتؐ کی کامل اتباع کے ساتھ وابستہ کر دیا ہے اور ایک احمدی نے تو خاص طور پر اس زمانے میں حضرت مسیح موعود کی بیعت ہی اس لئے کی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے قریب ہو، اس کی رضا اور اس کا پیار حاصل کرنے والا ہو۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے مومنوں کو اپنا محبوب قرار دیا ہے بشرطیکہ وہ محبوبوں کے سردار حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی پیروی کریں اور آپؐ کے نمونہ پر چلیں اور آپؐ کے ہر قول اور فعل کی پیروی کریں۔ فرمایا کہ میں پھر کہتا ہوں کہ رسول اللہ ﷺ کی سچی راہ کے سوا اور کسی طرح انسان کامیاب نہیں ہو سکتا۔

حضور انور نے فرمایا کہ آنحضرتؐ کا اسوہ وہ تعلیم ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپؐ پر اتاری۔ آپؐ کے اخلاق کے متعلق حضرت عائشہؓ نے گواہی دی کہ آپؐ کے اخلاق قرآن تھے اور کیوں نہ ہوتے، آپؐ ہی تو وہ انسان کامل تھے جن پر وہ آخری شریعت نازل ہوئی تاکہ دنیا کی اصلاح ہو، دنیا خدا تعالیٰ کی حقیقت کو سمجھے، دنیا اپنے مقصد پیدائش کو سمجھے اور اس کا بہترین نمونہ آنحضرتؐ نے اپنی ذات میں قائم کر کے دکھایا تو صحابہؓ جو آپؐ کے ساتھ تھے وہ بھی باخدا انسان بن گئے۔

حضور انور نے آنحضرتؐ کی زندگی کے بعض ایسے واقعات پیش فرمائے جو معاشرتی زندگی کے پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہیں۔ حضور انور نے آنحضرتؐ کی سیرت طیبہ اور پاک ارشادات کی روشنی میں میاں بیوی کے درمیان لڑائی جھگڑے کے معاملات میں دونوں کو صبر، حوصلے، برداشت اور خاوند کو بطور خاص بیوی کے ساتھ نرمی کے ساتھ پیش نے اور نیک سلوک کرنے کا درس دیا۔

حضور انور نے فرمایا کہ آنحضرتؐ کے اخلاق فاضلہ میں سے تحمل ایک بہت بڑا خلق ہے جو کہ بچپن سے آپؐ میں پایا جاتا تھا لیکن عمر کے بڑھنے کے ساتھ ساتھ تو یہ خلق اور بھی نکھرتا چلا گیا۔ آپؐ کی برداشت کے ایسے ایسے واقعات احادیث میں ملتے ہیں کہ انسان حیران رہ جاتا ہے، تکلیف پہنچنے پر نہ صرف برداشت اور حوصلے سے کام لیتے بلکہ اس کا بدلہ نیکی سے دیتے تھے۔ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ لوگ اپنی زبانوں کی کاٹی ہوئی کھیتیوں یعنی برے الفاظ اور بیہودہ اور بے موقع باتوں کی وجہ سے جہنم میں گرتے ہیں۔ پھر فرمایا کہ طاقتور پہلوان وہ شخص نہیں جو دوسروں کو پچھاڑ دے بلکہ اصل پہلوان وہ ہے جو غصے کے وقت اپنے آپ پر قابو رکھتا ہے۔

باقی صفحہ 2 پر

سالانہ کنونشن

(ایسوسی ایشن آف احمدی ٹیچرز)

ایسوسی ایشن آف احمدی ٹیچرز آف پاکستان کا پہلا کنونشن مورخہ 11/اپریل کو ربوہ میں ہوگا۔ ممبران اس میں شرکت فرمائیں۔

(پیٹرن ایسوسی ایشن آف احمدی ٹیچرز آف پاکستان)

سوئمنگ پول کا آغاز

امسال سوئمنگ پول کا آغاز مورخہ 10/اپریل 2010ء کو بعد نماز عصر ہو رہا ہے۔ کسی بھی ناصر، خادم اور طفل کو مقررہ فارم پر کئے بغیر سوئمنگ کی اجازت نہ ہوگی۔ ممبر شپ فارم دفتر سوئمنگ پول سے کسی بھی وقت حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ ناصر و خادم کی ممبر شپ فیس /200 روپے ماہوار اور کارکن و طفل کی ممبر شپ فیس -/100 روپے ماہوار ہوگی۔ امید ہے تمام احباب اس سے بھرپور استفادہ کریں گے۔

(مہتمم صحت جسمانی مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

چکن پاکس کیلئے ویکسینیشن کیمپ

احباب کے علم میں ہوگا کہ Chicken Pox کی بیماری کا آنے والے دنوں میں خدشہ ہے۔ اس لئے احباب کے فائدے کے لئے ادارہ نور العین میں مورخہ 10/اپریل 2010ء کو صبح 9 تا 4 بجے شام چکن پاکس ویکسینیشن کا کیمپ لگایا جا رہا ہے ایک دفعہ ویکسین لگوانے کی صورت میں تمام زندگی اس موذی مرض سے محفوظ رہا جا سکتا ہے۔ تمام وہ افراد جن کو زندگی میں Chicken Pox (لاکڑا کاکڑا) نہیں نکلا وہ اس پروگرام سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور اس بیماری سے بچ سکتے ہیں اور اس کے پھیلاؤ کو کم کر سکتے ہیں۔ ویکسین کی عام مارکیٹ قیمت 1500 روپے ہے جبکہ کیمپ میں یہ ویکسین 1300 روپے میں لگائی جائے گی۔ احباب اس سے استفادہ کر سکتے ہیں۔

(معتمد مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

بقیہ صفحہ 1 اختتامی خطاب حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ

حضور انور نے فرمایا کہ اس زمانے میں تحمل کی اعلیٰ مثال ہمیں حضرت مسیح موعودؑ میں نظر آتی ہے کہ ایک شخص آکر آپ کو مجلس میں سب رفقاء کے سامنے گالیاں دیتا چلا جاتا ہے لیکن حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں کہ اسے کچھ نہ کہو، آخر کار خود ہی بک بک کر کے تھک کر چپ ہو کر چلا جاتا ہے۔ یہ نیک نمونے ہمارے لئے اسوۂ حسنہ ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ پھر ایک خلق جذبات کا احترام ہے یہ ایک ایسا خلق ہے جو معاشرے میں محبت، پیار اور امن قائم کرنے کی ضمانت بن جاتا ہے۔ آنحضرتؐ کے اس بارے میں بعض ارشادات پیش کر کے فرمایا کہ ایک احمدی کو چھوٹی چھوٹی باتوں سے جو دوسروں کو تکلیف پہنچانے کا موجب بنتی ہیں، پرہیز کرنا چاہئے۔ فرمایا کہ آج دنیا میں کسی سطح پر بھی انصاف قائم کرنے کا حق ادا نہیں کیا جاتا لیکن آنحضرتؐ کے انصاف کا وہ معیار تھا جس کی مثال دنیا میں نہیں ملتی، کسی قوم کی بڑائی آپؐ کو انصاف کرنے سے نہیں روک سکی۔ امین ہونے کی سند جب خدا تعالیٰ سے آپؐ کو حاصل ہوئی تو پھر اس تعلیم کے مطابق ہر قسم کی امانت کی ادائیگی کا حق بھی آپؐ نے ادا کیا۔

حضور انور نے فرمایا کہ پھر ایک اعلیٰ خلق عہد کی پابندی ہے اور ایفائے عہد کا آپؐ نے اتنا پاس کیا کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بے انتہا برکات عطا ہوئیں اور اس میں سب سے بڑا انعام فتح مکہ کی صورت میں خدا تعالیٰ نے آپؐ کو عطا فرمایا۔ پھر آنحضرتؐ نے عورتوں سے حسن سلوک کی بڑی تلقین فرمائی۔ عورت کے ورثہ کے حق کو قائم فرمایا اور یہ امتیاز صرف اور صرف دین حق کو حاصل ہے جس پر آنحضرتؐ نے مکمل طور پر عملدرآمد کروایا۔ اسی طرح عورت کے مال کو اس کی ملکیت قرار دیا اور خاوند کو اس پر کسی قسم کے تصرف سے منع فرمایا۔ عورت اپنا مال خرچ کرنے میں پورا اختیار رکھتی ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ ہمسایوں سے حسن سلوک معاشرے کی خوبصورتی کا ایک بہت بڑا ذریعہ ہے۔ ہمسایہ کا حق ادا کرنے سے محلوں، شہروں اور ملکوں میں بھی امن قائم ہو سکتا ہے۔ دنیا کے لڑائی جھگڑے اور فساد سب اس سے ختم ہو سکتے ہیں۔ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ خدا کی قسم وہ شخص ہرگز مومن نہیں جس کا ہمسایہ اس کی بدسلوکی اور نقصان سے محفوظ نہیں۔ عورتوں کو بھی خاص طور پر آپؐ نے نصیحت فرمائی کہ اپنے ہمسایوں کا خیال رکھو۔

حضور انور نے فرمایا کہ پھر معاشرے کی بھلائی کے لئے ایک بہت اہم چیز ایک دوسرے کے عیوب کو چھپانا ہے۔ آنحضرتؐ کسی کے عیب کا علم ہونے کے بعد بھی اسے چھپاتے اور دوسروں کو بھی اس کی تلقین کرتے لیکن اگر کوئی خود اپنے عیب ظاہر کرتا تو اسے بھی منع فرماتے۔ آپؐ نے فرمایا کہ جو شخص دوسرے شخص کا گناہ اس دنیا میں چھپاتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے گناہ قیامت کے دن چھپائے گا۔ پھر معاشرے کی ایک بہت بڑی بیماری سچائی سے دوری ہے اور جھوٹ کا سہارا لیا جاتا ہے۔ آپؐ کا تو سچ کا مقام اتنا اونچا تھا کہ غیر بھی آپ کو صدیق کہنے پر مجبور تھے۔ پس ایک احمدی میں سچائی کا خلق کوٹ کوٹ کر بھرا ہونا چاہئے اور کسی موقع پر بھی اور کسی سطح پر بھی جھوٹ کا اظہار نہیں ہونا چاہئے اور ہمیشہ سچائی کا اظہار ہونا چاہئے۔ یہی ایک احمدی کی امتیازی شان ہے اور ہونی بھی چاہئے۔

حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں کہ آنحضرتؐ کے نقش قدم پر چلنا جس کے لوازم میں سے محبت اور تعظیم اور اطاعت آنحضرتؐ ہے، اس کا ضروری نتیجہ یہ ہے کہ انسان خدا کا محبوب بن جاتا ہے اور اس کے گناہ بخشے جاتے ہیں اور اگر کوئی گناہ کی زہر کھا چکا ہے تو محبت اور اطاعت اور پیروی کے تریاق سے اس زہر کا اثر جاتا رہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے دلوں میں آنحضرتؐ کی سچی محبت پیدا کرے اور اللہ تعالیٰ کی رضا کو حاصل کرنے والے ہوں۔ اللہ تعالیٰ سب شاملین جلسہ کو اپنے خاص فضل اور رحم سے نوازتا رہے۔ خدا تعالیٰ سب کا حافظ و ناصر رہے۔ حضور انور نے فرمایا کہ اس سال جلسہ سالانہ میں شامل ہونے والے افراد کی تعداد 571 ہے۔ اللہ تعالیٰ مبارک کرے اور یہ حاضری اللہ تعالیٰ آئندہ جلسوں میں ہزاروں میں لے جائے۔ اس کے بعد حضور انور نے اختتامی دعا کروائی۔

جنت میں مچھلی

ایک حدیث میں ذکر ہے کہ بہشت میں مچھلی دی جائے گی۔ اس کی حکمت کا ذکر کرتے ہوئے حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں:-

جگر ماہی کے کباب جو بہشت میں کھائے جائیں گے۔ اس میں حکمت یہ ہے کہ مچھلی ایک ایسا جانور ہے جو خطرناک پانی میں رہتا ہے اور شدائد کی طرف اقدام کرنا جگر کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔ اس لئے اس کا نام کبد ہے۔ کیونکہ سختیوں کے مکابدت یعنی برداشت صحت جگر پر موقوف ہے۔ جس کا جگر صحیح نہ ہے اس کو ادنیٰ ادنیٰ حرکت میں دم چڑھ جاتا ہے۔ پس وہ سختیوں کو برداشت نہیں کر سکتے۔ پس کبد کا نام اس لئے کبد ہے کہ سخت کام کرنا، اس کی صحت پر موقوف ہے۔ کیونکہ مکابدت سختی کشی کو کہتے ہیں۔ سو جگر مچھلی کے کھانے میں سر یہ ہے کہ وہ لوگ جو بہشت کے لائق ٹھہریں گے۔ وہ ایسے ہوں گے جنہوں نے دریائے شریعت اور معرفت کی صعوبتوں کو خوش دلی کے ساتھ طے کیا ہوگا اور اپنے جگر سے نہایت قوی کام کئے ہوں گے۔ سو چونکہ وہ مچھلی کی طرح شدائد کے دریا میں تیرتے رہے اور جگر سے سخت کام کئے۔ اس لئے مچھلی کے کباب ان نو واردوں کے روزہ کشائی کے لئے موزوں ہوئے۔

(رسالہ تشحیذ الاذہان دسمبر 1906ء ص116)

مکرم نوید احمد عادل صاحب مربی سلسلہ لائبیریا

جماعت احمدیہ لائبیریا کا نواں جلسہ سالانہ

نمائندہ صدر مملکت کی شمولیت ائمہ اور چرچ لیڈرز کے خیر سگالی پیغامات

اللہ تعالیٰ نے جماعت احمدیہ لائبیریا کو اپنا جلسہ سالانہ مورخہ 18 اور 19 دسمبر 2009 کو منعقد کرنے کی توفیق عطا فرمائی۔ یہ جلسہ شاہ تاج احمدیہ سکول منروویا میں منعقد ہوا۔

خطبہ جمعہ میں مکرم محمد زکریا صاحب قائمقام امیر و مشنری انچارج نے احباب کو جلسہ کی اہمیت کے بارہ میں بتایا۔ جلسہ کا باقاعدہ آغاز سہ پہر تین بجے لوائے احمدیت اور لائبیریا کے قومی پرچم لہرانے سے ہوا۔ تلاوت و نظم کے بعد قائمقام امیر صاحب نے اپنی تقریر میں حضرت مسیح موعودؑ کے ارشادات کے حوالہ سے جلسہ کی اہمیت بیان کی۔ اس کے بعد اس سیشن کی دوسری تقریر ''دین کے دفاع میں حضرت مسیح موعودؑ کی خدمات'' کے موضوع پر خاکسار نے کی۔

اس کے بعد آنریبل فومبا کانے صاحب (Hon. Fomba Canneh) سینٹر لوفا کاؤنٹی نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ احمدیت دین حق کو مضبوط کرنے کے لئے آئی ہے اس لئے لوگوں کو چاہئے کہ اس کو قبول کرنے کی طرف توجہ کریں اور جماعت کی طبی و تعلیمی خدمات کو سراہا۔

اس سیشن کی آخری تقریر مہمان خصوصی آنریبل موسرڈ گلے (Hon.Moris Dukley) سابق وزیر برائے صدارتی امور کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ عیسائیت اور دین حق میں کچھ قدریں مشترک ہیں اس لئے ہمیں مل جل کر زندگی گزارنی چاہئے۔ انہوں نے جماعت کی امن پسندی کی بھی تعریف کی۔

اس افتتاحی سیشن کے بعد نمازیں ادا کی گئیں اور نمازوں کے بعد مجلس سوال و جواب کا آغاز ہوا جو رات بارہ بجے تک جاری رہا۔

دوسرا دن

دس بجے اختتامی اجلاس کی کارروائی مکرم محمد جے عنان صاحب نائب امیر لائبیریا کی صدارت میں شروع ہوئی۔ تلاوت و نظم کے بعد پہلی تقریر مکرم منصور احمد ناصر صاحب نے ''خلافت احمدیہ قرآن مجید کی روشنی میں'' دوسری تقریر ''امن کے قیام میں آنحضرتؐ کی کوششیں'' کے عنوان پر خاکسار نے کی۔

اس اجلاس کی تیسری تقریر ''انسانیت کے لئے جماعت احمدیہ کی خدمات'' کے موضوع پر مکرم عبدالرحمٰن Massaqui صاحب نے کی اور لائبیریا میں تعلیمی و طبی خدمات اور فلاحی منصوبوں کا تعارف پیش کیا۔

اس کے بعد آج کی مہمان خصوصی مادام ایلن جونسن سرلیف (Ellen Jihnson Sirleaf) صدر مملکت لائبیریا کی تقریر تھی لیکن وہ اپنی مصروفیت کی وجہ سے خود تشریف نہ لا سکیں بلکہ ڈپٹی منسٹر آف انفرمیشن کو بطور نمائندہ بھجوایا جنہوں نے صدر مملکت کی طرف سے خیر سگالی کا پیغام ساری جماعت کو پہنچایا اور جماعت احمدیہ کی طبی تعلیمی و دیگر خدمات کو سراہا۔ بعدہ مختلف تنظیموں کی طرف سے خیر سگالی کے پیغامات پڑھ کر سنائے گئے۔

آخر میں قائمقام امیر صاحب نے اپنی اختتامی تقریر میں بدرسوم کے خلاف جہاد کو عام کرنے پر زور دیا۔ اس کے ساتھ ہی اختتامی دعا ہوئی جس کے بعد یہ جلسہ اختتام پذیر ہوا۔

(الفضل انٹرنیشنل 12 مارچ 2010ء)

عورتوں میں چند عیب بہت سخت ہیں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے جلسہ سالانہ جرمنی پر مستورات سے خطاب کرتے ہوئے 23 اگست 2003ء کو فرمایا:-

حضرت اقدس مسیح موعودؑ فرماتے ہیں کہ عورتوں میں چند عیب بہت سخت ہیں اور کثرت سے ہیں۔ ایک شیخی کرنا کہ ہم ایسے اور ایسے ہیں پھر یہ کہ قوم پر فخر کرنا کہ فلاں تو کمینی ذات کی عورت ہے یا فلاں ہم سے نیچی ذات کی ہے۔ پھر یہ کہ اگر کوئی غریب عورت ان میں بیٹھی ہوئی ہو تو اُس سے نفرت کرتی ہیں اور اس کی طرف اشارہ کر دیتی ہیں کہ کیسے غلیظ کپڑے پہنے ہیں۔ زیور اس کے پاس کچھ بھی نہیں۔ تو یہ بُرائی ایسی ہے جو ذاتی بُرائی تو ہے ہی معاشرے میں بُرائی پیدا کرنے کا باعث بنتی ہے۔ قوم پر فخر ہے کہ ہم سیّد ہیں یا مغل ہیں یا پٹھان ہیں وغیرہ۔ تو حضرت اقدس مسیح موعودؑ نے ایک جگہ فرمایا ہے کہ اول تو تین چار پشتوں کے بعد اکثر یہ پتہ ہی نہیں چلتا کہ اصل ذات کیا ہے۔ سیّد ہے بھی کہ نہیں۔ تو اگر اللہ تعالیٰ تمہاری پردہ پوشی کر رہا ہے اور حالات کی وجہ سے ماحول بدلنے سے لوگوں کو پتہ ہی نہیں کہ اصل میں تم کون ہو تو پردہ رہنے دو۔ بلاوجہ فخر نہ کرو کہ خدا تعالیٰ کو یہ دکھاوے پسند نہیں ہیں۔ ایک غلطی کر کے پھر غلطیوں پر غلطیاں نہ کرتے چلے جاؤ۔

(روزنامہ الفضل 26 جنوری 2006ء)

(مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ)

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

ا۔ر۔ظفر

حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے دلربا انداز تربیت

محبت۔ پیار اور حکمت سے ایسی تربیت فرمائی کہ صحابہ آپؐ پر جان نچھاور کرنے لگے

فخر موجودات سیدنا حضرت اقدس محمد مصطفیٰ ﷺ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک عظیم الشان انعام تھے۔ آپ الٰہی نوروں کے حصول کا منبع تھے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کی ذات اقدس کو تمام بنی نوع انسان کے لئے اسوہ حسنہ قرار دے کر اپنی محبت کو پانے کی راہیں کھول دیں اور آپ کی زبان مبارک سے یہ اعلان کروایا: یقیناً تمہارے لئے اللہ کے رسول میں نیک نمونہ ہے۔

(سورۃ الاحزاب:22)

خدا کے حسن کا آفتاب حضرت اقدس محمد مصطفیٰ ﷺ کے ذریعہ کائنات پر چمکا۔ آپ جو اُمی رسول تھے اور امیوں میں پل کر جوان ہوئے، خدا خود آپ کا مربی بنا۔ آپ خود فرمایا کرتے تھے:

ادبنی ربی فاحسن ادبی

(ملفوظات جلد3 صفحہ 94)

کہ میرے رب نے مجھے ادب سکھایا ہے اور میری بہت اچھی تربیت کی ہے۔

کسی نے کیا سچی بات کہی ہے۔ ع

ادب پہلا قرینہ ہے محبت کے قرینوں میں

پس اللہ تعالیٰ نے آپ کو اعلیٰ درجہ کی طبعی و خلقی موزونیت سے نوازا اور آپ کے قلب اطہر پر اپنا کلام پاک قرآن مجید نازل فرمایا اور آپ کے مذہب کا نام اسلام رکھ کر یہ خوشخبری سنا دی کہ امن اور سلامتی کی راہ صرف اور صرف رسول اکرم ﷺ کی تعلیمات اور ارشادات پر عمل کرنے سے حاصل ہوسکتی ہے۔

پھر الٰہی تصرف سے آپ کا نام محمد رکھا گیا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے اندر وہ سب طاقتیں، قوتیں، محبتیں اور صلاحیتیں رکھ دی تھیں جو محمد نام کا مستحق بنا دیتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کے اندر ایک ایسی عظیم الشان قوت جذب رکھ دی تھی کہ جس نے بھی اس نور سے حصہ پایا وہ نورانی وجود بن کر دوسروں کے لئے روحانی کہکشاں بن گیا۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

’’انبیاء اور اولیاء کا وجود اس لئے ہوتا ہے کہ تا لوگ جمیع اخلاق میں ان کی پیروی کریں اور جن امور پر خدا نے ان کو استقامت بخشی ہے اسی جادہ استقامت پر سب حق کے طالب قدم ماریں۔‘‘

(براہین احمدیہ۔ جلد اول، صفحہ 276-277 حاشیہ نمبر 11)

پس انبیاء کے آنے کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ وہ خلق خدا کی تربیت کر کے ان کو خدا تک پہنچنے کے راستے دکھائیں۔ ان کے قلوب کو صیقل کریں اور پھر ان کی قابلیتوں اور ان کی استعدادوں کو ابھار کر انہیں صفات الٰہیہ کا مظہر بنا دیں اور انہیں آستانہ الوہیت تک پہنچا دیں۔

آنحضرت ﷺ کا مبارک وجود، آپ کی بعثت، آپ کی زندگی، آپ کی موت، آپ کی تعلیمات، آپ کے ارشادات خدا تعالیٰ سے فیضیاب ہونے کا ایک عظیم جلوہ تھے۔ آپ کے اخلاق و کردار ایسے پاکیزہ اور ایسے حسین تھے کہ خدائے ذوالعرش نے آپ کے اخلاق کی گواہی دیتے ہوئے فرمایا:۔

کہ (اے محمد ﷺ!) یقیناً تو اعلیٰ درجہ کے اخلاق پر فائز ہے۔ (سورۃ القلم:5)

سورۃ آل عمران آیت 165 میں اللہ تعالیٰ نے مومنوں پر اپنے عظیم احسان یعنی آنحضرت ﷺ کی بعثت کا ذکر فرما کر اس کے عظیم الشان کاموں، اس کی قوت قدسیہ اور اس کی تعلیم و تربیت کرنے کے طریقوں کو بہت خوبصورت انداز میں بیان فرمایا ہے۔

آپ مزکی اعظم ٹھہرے۔ آپ جس قوم میں مبعوث ہوئے تھے، وہ کھلی کھلی گمراہی میں مبتلا قوم تھی۔ خود قرآن مجید نے اس زمانہ کی خطرناک ظلمت کا تذکرہ یوں فرمایا:

کہ خشکی اور تری میں بگاڑ پیدا ہو چکا تھا (سورۃ الروم:42) یعنی وہ قوم جس کے ہاتھوں میں آسمانی کتاب تھی وہ بھی بگڑ چکی تھی اور جس کے ہاتھوں میں آسمانی کتاب نہ تھی وہ خشک جنگل کی طرح تھی اور بگڑ چکی تھی۔ دنیا شرک اور بت پرستی کا گہوارہ بن چکی تھی۔ زمین ہر قسم کے گناہ اور فسق و فجور سے بھر گئی تھی۔ روحانیت مفقود ہو چکی تھی۔ راہبوں کی حالت قرآنی شہادت ’’اکثر ھم فاسقون‘‘ کے مطابق تھی اور عوام حدود الٰہی کے توڑنے کے باعث ’’عبد الطاغوت‘‘۔ یعنی شیطان کے غلام بن چکے تھے۔ ملک عرب جس پر ذلت و نحوست کے بادل چھائے ہوئے تھے۔ وہ شراب نوشی، جوئے بازی اور عورتوں سے عشق کے عادی تھے جن کی راتیں لہو و لعب میں گزرتی تھیں۔

الغرض سارا جزیرہ نما عرب عیاشی اور بت پرستی کے بحر ذخار میں ڈوب چکا تھا یہاں تک کہ خانہ کعبہ جو کہ توحید کا پہلا گھر تھا اور توحید کے قیام کے لئے بنایا گیا تھا، وہ بھی 360 بتوں سے بھر دیا گیا تھا۔ ایسے ظلماتی دور میں جب کہ قریش بت پرستی کو اپنی زندگی اور موت کا سوال سمجھتے تھے، خدائے رحمٰن کے زندہ نشان، موحدوں کے بادشاہ حضرت محمد ﷺ نے خدائی منشاء سے یہ فرمایا:

کہ اے لوگو میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول بن کر آیا ہوں۔ (سورۃ الاعراف:159)

یہ وہ اعلیٰ مقام ہے، یہ وہ شان و شوکت کا منصب ہے جو آپ سے پہلے کسی نبی کو عطا نہیں کیا گیا۔ لاریب جو بے نظیر کامیابی اس جاہ و جلال والے نبی حضرت مصطفیٰ ﷺ کو حاصل ہوئی، وہ کسی نبی کو حاصل نہ ہوسکی۔

آپؐ علم و عرفان کا چشمہ اصفیٰ تھے جس سے ہر قوم نے پانی پیا۔ اللہ تعالیٰ نے آپؐ کے فیض روحانی کی خوشخبری قرآن مجید میں ان پاکیزہ الفاظ میں سنائی۔

کہ ہم نے آسمان سے پاکیزہ پانی اتارا تا کہ ہم اس کے ذریعہ سے ایک مردہ زمین کو زندہ کریں اور اس پانی سے اس کو سیراب کریں جنہیں ہم نے بکثرت مویشیوں اور انسانوں کی صورت میں پیدا کیا ہے۔

(سورۃ الفرقان:49-50)

مراد یہ تھی کہ تہذیب و تمدن سے ناآشنا قومیں حیوانوں کی طرح زندگی گزارنے والی اقوام اس مصفّٰی پانی سے محمدؐ کے فیض روحانی سے فیضیاب ہو کر آپؐ کی زیر تربیت آ کر اپنے اندر ایک روحانی انقلاب برپا کر لیں گی۔

اللہ تعالیٰ نے قوم کی تعلیم و تربیت ان کے تزکیہ نفس کے لئے اپنے محبوب محمد ﷺ کو معلم اور مزکی بنا دیا۔ آپ نے ان کی ایسی پاکیزہ تربیت کی کہ ان کی مدتوں سے بگڑی ہوئی عادات پاکیزگی کے سانچے میں ڈھل کر حسنات میں بدل گئیں۔ وہ شرف انسانی کے قیم حضرت محمد ﷺ کے زیر سایہ آ کر شرف انسانیت کے لئے جیتی جاگتی تصویر بن گئے اور جن کی راتیں گانے بجانے اور شراب کے نشے میں گزرتی تھیں وہ اس مقدس وجود کی رفاقت سے اور آپ کی پاک تربیت سے یبیتون لربھم (سورۃ الفرقان 65) کے مصداق بن گئے۔ وہ کراما بررۃ بن گئے۔ انہوں نے اپنے خونوں سے اپنے ایمانوں پر مہر ثبت کر دی۔

آپ کی اس کی حیرت انگیز تربیت و اصلاح کو حضرت مسیح موعود یوں خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

کہتے ہیں یورپ کے ناداں یہ نبی کامل نہیں
وحشیوں میں دیں کو پھیلانا یہ کیا مشکل تھا کار
پر بنانا آدمی وحشی کو ہے اِک معجزہ
معنیِ رازِ نبوت ہے اسی سے آشکار
نور لائے آسماں سے خود بھی وہ اِک نور تھے
قوم وحشی میں اگر پیدا ہوئے کیا جائے عار

آیئے۔ سیرت نبویؐ کے آئینے میں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے دلربا انداز تربیت کی چند جھلکیاں ملاحظہ کریں۔

آپ ﷺ نے اپنی قوم، اپنے ماننے والوں اور امت کی تربیت و اصلاح کے لئے جو سب سے اہم ذریعہ استعمال فرمایا وہ دعا کا ہتھیار تھا۔ آپ نے ہر لمحہ، ہر کام پر اپنے رب سے دعائیں مانگیں اور کبھی مایوسی کو قریب آنے نہ دیا۔ آپ نے دعاؤں کے ایسے لازوال خزانے چھوڑے ہیں جن کا فیضان آج بھی جاری و ساری ہے۔ آپ کی درد و الحاح سے مانگی ہوئی دعائیں ہی تھیں۔ پُرسوز مناجات ہی تھیں جو خدا کی رحمت کو کھینچ لائیں اور دنیا میں ایک ایسا روحانی انقلاب برپا ہوا جس نے دنیا کی تقدیر بدل ڈالی۔

حضرت مسیح موعود آپ کی اس اصلاح عظیم کا تذکرہ کس قدر خوبصورت اور دلنشیں الفاظ میں بیان فرماتے ہیں۔

’’وہ جو عرب کے بیابانی ملک میں ایک عجیب ماجرا گزرا کہ لاکھوں مردے تھوڑے دنوں میں زندہ ہو گئے اور پُشتوں کے بگڑے ہوئے الٰہی رنگ پکڑ گئے اور آنکھوں کے اندھے بینا ہوئے اور گونگوں کی زبان پر الٰہی معارف جاری ہوئے اور دنیا میں یک دفعہ ایک ایسا انقلاب پیدا ہوا کہ نہ پہلے اس سے کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا۔ کچھ جانتے ہو کہ وہ کیا تھا؟ وہ ایک فانی فی اللہ کی اندھیری راتوں کی دعائیں ہی تھیں جنہوں نے دنیا میں شور مچا دیا اور وہ عجائب باتیں دکھلائیں کہ جو اس اُمی بیکس سے محالات کی طرح نظر آتی تھیں۔‘‘

(برکات الدعا۔ روحانی خزائن جلد 6 صفحہ 10-11)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسے ہیرو کا اسلام لانا آپ کی دعاؤں کا ثمرہ تھا۔ اہل طائف کا اسلام کی دولت سے مالا مال ہونا آنحضرت ﷺ کی اس پرسوز دعا۔ اللھم اھد قومی فانھم لا یعلمون کا فیض تھا۔

تربیت و اصلاح کا بہترین ذریعہ جو رسول کریم ﷺ نے سکھایا ہے وہ آپ کی ذات اقدس میں ایک دلربائی شان اور یکتائی حسن رکھتا ہے کہ پہلے آپ ان خوبیوں اور نیکیوں کا خود نمونہ بنے اور پھر دنیا کو اس کا درس دیا۔ یہ ذریعہ بے شک بہت مشکل ہے لیکن سب سے زیادہ اثر رکھنے والا بھی ہے۔ ہر موقعہ، ہر نازک موڑ، ہر خطرناک گھڑی میں رسول کریم ﷺ نے ایسا حسین اسوہ قائم فرمایا جو آج بھی چراغ راہ ہے اور جس کی روشنی میں ہم آج بھی اپنے آپ کو اور اپنی آئندہ نسلوں کو سنوار سکتے ہیں۔ معلم اخلاق مربی اعظم حضرت محمد ﷺ کے چمنستان میں ہر طرف تربیت و اصلاح اور اخلاق و کردار کو سنوارنے کے پھول بکھرے پڑے ہیں۔ جنگوں کے نازک موقع پر اس مزکی اعظم نے اپنے نمونے سے صحابہ کرام کو حسن اخلاق کا ایسا دلکش سبق دیا۔ ان کی تربیت اور اصلاح کا جو پہلو اختیار کیا اس پر آج بھی اس محسن کے لئے محبت سے دل بھر جاتا ہے اور انسانی عقل حیران رہ جاتی ہے

کہ کس عالی مقام کا یہ رسول ہے کہ جس کا نام بھی محمد ﷺ ہے اور جس کے کام بھی محمد ہیں۔

جنگ احد کے موقع پر حضرت ام عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بڑی بہادری سے جاں نثاری کے نمونے دکھائے۔ یہ وہ سرفروش فدائیہ عورت تھیں جو عقبہ کی گھاٹی میں اسلام کی دولت سے مشرف ہوئی تھیں۔ وہ کہتی ہیں کہ جب میں نے دیکھا کہ احد کے مقام پر بھگدڑ مچ گئی ہے۔ رسول اللہ ﷺ کے پاس دس آدمی بھی باقی نہیں رہے، میں اور میرا شوہر اور میرے دونوں بیٹے رسول اللہ ﷺ کے آگے کھڑے ہو کر آپ کے پاس سے دشمنوں کے غولوں کو ہٹانے لگے اور لوگوں کی یہ حالت تھی کہ وہ بھاگے جاتے تھے۔ اسی اثنا میں رسول اللہ ﷺ کی نظر مجھ پر پڑی تو آپ نے دیکھا کہ میرے پاس سپر (ڈھال) نہیں ہے۔ اس لئے آپ ﷺ نے ایک بھاگنے والے سے جس کے پاس ڈھال تھی فرمایا: اے ڈھال والے! ایک لڑنے والے کو ڈھال تو دیتا چلا جا۔ چنانچہ ایک شخص دوڑا اچلا جارہا تھا اس نے دوڑتے دوڑتے ڈھال پھینک دی۔ وہ کہتیں ہیں کہ میں نے ڈھال اٹھائی اور رسول اللہ ﷺ کے سامنے کھڑی ہوگئی۔ اچانک ایک حملہ آور آیا اور اگر وہ ڈھال نہ ہوتی تو میری جان ہی چلی جاتی۔ دیکھئے ایسے کڑے وقت میں جنگ کی ایسی ہولناکیوں میں بھی رسول اللہ ﷺ نے تربیت کا کیا عمدہ سبق سکھا دیا۔ نہ تو بھاگنے والے کو طعنہ دیا، نہ نام لیا۔ صرف یہی کہا۔ اے ڈھال والے! لڑنے والے کو ڈھال تو دیتا چلا جا۔

سچ تو یہ ہے کہ: ؎

محمدؐ ہی نام اور محمدؐ ہی کام

علیک الصلوٰۃ علیک السلام

آنحضرت ﷺ کی تربیت کے انداز ہی نرالے تھے۔ آپ زیر تربیت افراد کی عزت نفس کو قائم رکھتے۔ کمزوری دیکھتے تو نام لئے بغیر ہی عمومی رنگ میں ہی نصیحت فرما دیتے۔ کمزوریوں کی پردہ پوشی فرماتے، ان کی خوبیوں کو ظاہر فرماتے اور اپنے حاضر اصحاب کو تربیت کے عمل میں ہمیشہ شرکت فرماتے۔

رسول اللہ ﷺ کی عمدہ اور حسین تربیت کا یہ نتیجہ تھا کہ آپ ﷺ کے ماننے والے کیا صحابہ اور کیا صحابیات آپ کے سچے جاں نثار بن گئے۔ انہوں نے اپنے اس پیارے محبوب محمد ﷺ کی خاطر اس کے چہرے کی حفاظت کے لئے اپنے ہاتھ ٹنڈے کروا لئے۔ انہوں نے دین محمد کی خاطر انگاروں پر لیٹ کر اپنے جسموں کے رنگ ہی بدل ڈالے۔ انہوں نے صداقت کی سربلندی کے لئے اور پیارے محمد ﷺ کے نام کی سرفرازی کے لئے ایسی قربانیاں پیش کیں کہ ان کی حیات، ان کا انفرادی اور اجتماعی کردار قیامت تک کے لئے مشعل راہ بن گیا۔

ہاں یہی وہ باسعادت، باکرامت لوگ تھے، جنہوں نے تلواروں کی جھنکار میں شہادت کے جام نوش کئے۔

اللہ کے ان شہ سواروں میں سے ایک شہ سوار حضرت عمرو بن جموح رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے جو بہت جوشیلے مسلمان تھے۔ جنگ بدر سے پہلے ان کے ایک پاؤں میں چوٹ لگ گئی تھی جس سے وہ لنگڑا کر چلتے تھے۔ جنگ بدر میں تو ان کے بیٹوں نے انہیں یہ کہہ کر روک دیا کہ آپ پر جہاد فرض نہیں ہے۔ آپ ٹھیک طرح سے چل نہیں سکتے۔ انہیں جنگ پر جانے سے منع کر دیا۔ لیکن جب جنگ احد کا وقت آیا تو پھر لڑکوں نے منع کیا، لیکن اس موقع پر انہوں نے اصرار کیا اور یہ معاملہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں پیش ہوا تو آپ نے فرمایا: ابو خلاد! تم معذور ہو۔ اس لئے تم پر جہاد لازم نہیں۔ حضرت عمرو بن جموح رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پرنم آنکھوں سے التجا کی: 'یا رسول اللہ! یہ لڑکے مجھے آپ پر جان قربان کرنے سے روک رہے ہیں۔ لیکن خدا کی قسم! مجھے امید ہے کہ آپ پر جان قربان کرنے کا موقع مجھے نصیب ہوگا اور میں اپنے اس لنگڑے پیر سے گھسٹتا ہوا جنت میں پہنچ جاؤں گا۔ رسول کریم ﷺ ان کے جذبہ قربانی سے متاثر ہوئے۔ اس لئے زیادہ زور دینا مناسب نہ سمجھا اور ان کے لڑکوں کو بھی سمجھا دیا کہ ان سے تکرار نہ کرو۔ ایسی مشکل گھڑی میں معلم اخلاق نے کیسا عمدہ سبق سکھایا کہ نہ تو زبردستی نیکی سے روکا جائے اور نہ زبردستی نیکی کرنے پر مجبور کیا جائے۔ لیکن اس امر کو بھی کبھی فراموش نہیں کرنا چاہئے کہ اہم دینی امور میں امام کی اجازت لینا ضروری ہے۔

حضرت عمرو بن جموح رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب ہتھیار سجا کر میدان جنگ کی طرف چلے گئے تو خدا سے یوں دعا کی۔ الٰہی! مجھے شہادت نصیب کر میں گھر واپس نہ آؤں۔ میدان جنگ میں جب لڑائی نے شدت اختیار کی اور مسلمانوں کا ایک جتھا منتشر ہونے لگا تو انہوں نے اپنے بیٹے سے کہا خلاد، دشمنوں کا حملہ انتہائی سخت ہے ایسا نہ ہو کہ ہمارے پیارے رسول ﷺ کو کوئی نقصان پہنچے۔ ان پر قربان ہونے کا اس سے بہتر اور کوئی موقع نہیں ہوسکتا۔ اس کے بعد دونوں باپ اور بیٹے نے مشرکین پر حملہ کر دیا اور نہایت بہادری کے جوہر دکھا کر لڑتے ہوئے شہادت پائی۔ ہاں اسی شہادت کی تو باپ کو دراصل تمنا تھی۔ ان کی بیوی کو جب شہادت کی خبر ملی تو ایک اونٹ لے کر آئیں اور اپنے بھائی، اپنے بیٹے اور خاوند کی لاشیں لاد کر مدینہ کی طرف چل پڑیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ ہند جو حضرت عمرو بن جموح رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیوی تھیں اور مدینہ کی طرف آرہی تھیں۔ میں نے ان سے پوچھا بی بی بتاؤ تو سہی کہ میدان جنگ کا کیا حال ہے؟ انہوں نے جواب دیا۔ الحمدللہ۔ سب خیریت ہے کیونکہ آنحضرت ﷺ خیریت سے ہیں۔ پھر میری نظر اونٹ پر پڑی تو میں نے دیکھا کہ اونٹ پر کچھ لدا ہوا ہے۔ تب حضرت عائشہ نے پوچھا کہ بی بی اونٹ پر کیا لدا ہوا ہے؟ ہند، حضرت عمرو بن جموح کی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیوی نے کہا میرے خاوند کی لاش، میرے بھائی کی لاش اور میرے بیٹے کی لاش ہے اور، منہ میں الحمدللہ کے الفاظ ہی جاری رہے کہ رسول کریم ﷺ خیریت سے ہیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتی ہیں کہ جب وہ مدینہ کی طرف چلنے لگیں تو اونٹ نے چلنے سے انکار کر دیا اور وہ وہیں بیٹھ گیا اٹھایا اور اس نے پھر چلنے سے انکار کر دیا یہاں تک کہ جب انہوں نے احد کی طرف منہ پھیرا تو اونٹ خوشی خوشی چلنے لگا اور پھر ان تینوں کی لاشیں رسول کریم ﷺ کے قدموں میں پہنچ گئیں۔ آپ نے غمگین دل سے فرمایا۔ بسا اوقات خاک آلودہ، پراگندہ بالوں والا انسان خدا کو اتنا پیارا ہوتا ہے کہ جب وہ اس کے نام کی قسم کھا کر کہتا ہے کہ ایسا ہوگا تو اللہ ضرور ایسا ہی کر دیتا ہے۔ عمرو بن جموح رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو میں جنت میں چلتا ہوا دیکھ رہا ہوں۔ پھر ان فدائین محمدؐ کو، راہ حق کے ان شہیدوں کو ایک ہی قبر میں احد کے دامن میں دفن کر دیا گیا۔

کیسا عظیم خاندان تھا۔ جس کا ہر فرد سرتاپا عشق محمدؐ میں سرشار تھا۔ سچ تو یہ ہے کہ نیکی کی اس دوڑ میں بھاگنے والے حضرت عمرو بن جموح رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو بظاہر ایک پاؤں سے لنگڑے تھے۔ لاکھوں، کروڑوں دوڑنے والوں پر سبقت لے گئے اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں شہید ہو کر ابدی حیات پا گئے۔ اے عمرو بن جموح تجھ پر لاکھوں سلام!

تربیت کے لئے نہایت مؤثر طریقہ زیر تربیت افراد میں اطاعت کا جذبہ اور قربانی کی روح پیدا کرنا ہوتا ہے۔

احد کے دامن میں عشاق کرام کی، ہاں ان جاں نثاروں کی، شہیدوں کی وفا کی داستانیں رقم ہیں جو اطاعت، فدائیت اور قربانی میں بے مثال تھے۔

صحابہ کرام نے اطاعت کا سبق حضرت محمد ﷺ سے سیکھا اور پھر آپ کی اطاعت میں فنا ہو گئے۔ آپ کے ہر حکم اور ہر ارشاد کی کامل پیروی کرنا ان صحابہ کا ایمان تھا۔ نبی کریم ﷺ کے مسجد نبوی میں اس اعلان کرنے پر کہ بیٹھ جاؤ۔ حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو کہ گلی میں آرہے تھے وہیں بیٹھ گئے اور پھر اسی حالت میں بیٹھ کر رینگتے ہوئے مسجد کی طرف بڑھتے گئے۔

حضرت مسیح موعود، صحابہ کی بے نظیر اطاعت و فدائیت کے متعلق ایک عربی شعر میں فرماتے ہیں۔ جس کا اردو ترجمہ یہ ہے۔

کہ انہوں نے سفر و حضر میں بھی رسول اللہ ﷺ کی پیروی کی اور وہ اپنے حبیب کی راہوں میں خاک راہ ہو گئے۔

عربی زبان کا یہ مقولہ ہے: الفضل ماشھدت بہ الاعداء۔ فضیلت تو وہ ہے جس کی دشمن بھی شہادت دیں۔

ابو سفیان نے اپنے اسلام لانے سے پہلے یہ گواہی دی تھی کہ میں نے قیصر و کسریٰ کے دربار دیکھے ہیں لیکن جو اطاعت میں نے محمد ﷺ کے ساتھیوں میں دیکھی وہ کہیں نہیں دیکھی۔

فتح مکہ کے دن جب رسول کریم ﷺ نے چشمہ زمزم سے پانی منگوایا تو کچھ پانی آپ نے پیا اور باقی سے وضو فرمایا تو آپؐ کے جسم سے کوئی قطرہ زمین پر نہیں گر سکتا تھا کہ مسلمان فوراً اس کو اچک لیتے اور تبرک کے طور پر اپنے جسم پر مل لیتے۔ محبت و فدائیت کا یہ نظارہ دیکھ کر مشرک کہہ اٹھے کہ ہم نے کوئی بادشاہ ایسا نہیں دیکھا کہ جس کے ساتھ اس کے لوگوں کو ایسی محبت ہو۔ (دیباچہ تفسیر القرآن صفحہ 217)

روحانی دنیا کے یہ چاند ستارے رسول کریم ﷺ کے نور سے منور ہوئے تھے۔ آپ ہی کا فیض تھا اور آپ ہی کی تربیت کا کرشمہ تھا جس نے خاک کے ان ذروں کو مہتاب بنا دیا تھا۔

امور شریعت کی پابندی کروانے میں اس مربی اعظم ﷺ نے کبھی کسی کی رعایت نہ کی تھی۔ آپ نے قرآن کریم کے اس ارشاد کی تعمیل کی کہ: اپنے نفس اور اپنے گھر والوں کو آگ سے بچاؤ۔

(سورۃ التحریم: 7)

اور آپ نے اپنا عملی نمونہ پیش کر کے اپنے اہل خانہ کی تربیت فرمائی۔ نماز آپ کی روح کی غذا تھی۔ آپ گھر میں باقاعدگی سے نوافل اور تہجد کی ادائیگی کا التزام فرماتے اور اپنی ازواج مطہرات کو بھی بیدار کر کے نوافل ادا کرنے کی تلقین فرماتے۔

حدیث میں آتا ہے کہ نبی کریم ﷺ چھ ماہ تک نماز فجر کے وقت اپنی دختر حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے دروازے کے پاس سے گزرتے ہوئے فرماتے: اے اہل بیت! نماز کا وقت ہو گیا ہے۔ پھر سورۃ الاحزاب کی یہ آیت مبارک پڑھتے:

ترجمہ: اے اہل بیت! اللہ تم سے ہر قسم کی گندگی دور کرنا چاہتا ہے اور تم کو اچھی طرح سے پاک کرنا چاہتا ہے۔

(جامع ترمذی۔ کتاب التفسیر، باب سورۃ الاحزاب)

رسول کریم ﷺ نے اہل خانہ کی تربیت و اصلاح کے لئے جو بنیادی اصول اختیار فرمایا تھا اس کا اصل منبع توحید اور محبت الٰہی تھا۔ وانذر عشیرتک الاقربین

(سورۃ الشعراء: 215)

اور تو اپنے اہل خاندان یعنی اقرباء کو ڈرا۔

آپ نے اپنے عزیز و اقارب کو اور اپنی بیٹی حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو یہ تلقین فرمائی کہ:

اللہ کے مقابل پر میں تمہارے کچھ کام نہیں آسکتا۔ تمہارے عمل ہی کام آئیں گے۔

(صحیح بخاری۔ کتاب التفسیر، باب سورۃ الشعراء)

آپ اپنی ازواج مطہرات کو اخلاقی نصائح کے ساتھ ساتھ نماز، دعا، آداب اور دینی باتیں سکھاتے اور ان کی تعلیم و تربیت کی طرف خصوصی توجہ فرماتے اور ان کو اپنی عبادات کو سنوارنے کے اسلوب بتاتے۔

ایک دفعہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے گھر

میں کچھ عورتیں جمع تھیں نبی کریم ﷺ نے دیکھا کہ سب اکیلی اکیلی نماز پڑھ رہی ہیں۔ ام سلمہ کو فرمایا: تم نے ان کو نماز باجماعت کیوں نہ پڑھائی؟ ام سلمہ نے پوچھا کیا یہ جائز ہے؟ آپ نے فرمایا: ہاں، جب تم زیادہ عورتیں ہو تو تم میں سے ایک درمیان میں کھڑے ہو کر امامت کروالیا کرے۔

(مجموع الفقہ بروایت زید بن علی صفحہ 43)

اس طرح آپ نے نماز باجماعت اور عبادت الٰہی کا شوق ان میں پیدا کیا۔

حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی شادی پر کمال سادگی سے انہیں ضرورت کی چند چیزیں عطا فرمائیں اور بعد میں جب انہوں نے خادم کا مطالبہ کیا، تو ذکر الٰہی کی طرف توجہ دلا کر سمجھایا کہ: فاطمہ! خدا کی محبت میں ترقی کرو۔ اللہ خود تمہاری ضرورتیں پوری فرمائے گا۔ خدا کو نہ بھولو۔ وہ تمہیں یاد رکھے۔

آپ نے اہل خانہ پر کبھی سختی نہیں کی۔ آپ اپنی ازواج مطہرات کے ساتھ بہت محبت اور عزت کے ساتھ پیش آتے۔ لیکن اس تمام محبت اور حسن سلوک کے باوجود نبی کریم ﷺ اپنے اہل بیت کے محاسبہ سے کبھی غافل نہیں ہوئے۔ جہاں لغزش دیکھتے وہاں فوراً اصلاح فرما دیتے۔ خدا اور شریعت کے معاملے میں آپ نے کبھی کوتاہی نہیں کی۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بعد حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپ کو بہت محبوب تھیں۔ لیکن آپ ان کی ہر حرکت اور ہر ادا کی نگرانی فرماتے۔

ایک دفعہ کسی نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کوئی چیز چرا لی۔ خواتین کی عادت کے مطابق انہوں نے اس کو بددعا دی: آپ نے فرمایا: عائشہ بددعا دے کر اپنا ثواب اور اس کا گناہ کم نہ کرو۔

(مسند احمد بن حنبل، صفحہ 145)

ایک مرتبہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سفر میں حضور کے ہمراہ اونٹ پر سوار تھیں۔ اونٹ کچھ تیزی کرنے لگا اور عام عورتوں کی طرح حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے منہ سے نادانستہ فقرۂ لعنت نکل گیا۔ اس پر حضور اکرم ﷺ نے حکم دیا کہ اونٹ کو واپس کر دو۔ ملعون چیز ہمارے ساتھ نہیں رہ سکتی۔

(مسند احمد بن حنبل، صفحہ 72)

آپ نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو نصیحت فرمائی کہ جانور تک کو بھی برا نہیں کہنا چاہئے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرمایا: معمولی گناہوں سے بھی بچا کرو۔ خدا کے ہاں اس کی بھی پرسش ہوگی۔ (مسند احمد بن حنبل)

ایک دفعہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو یوں نصیحت فرمائی: ''عائشہ! خدا مہربان ہے۔ نرمی کو بہت پسند کرتا ہے۔ نرمی سے وہ دیتا ہے جو سختی سے نہیں دیتا اور نہ کسی اور طرح دیتا ہے۔''

(صحیح مسلم۔ باب فضل الرفق)

ایک دفعہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کسی عورت کا حال بیان کرتے ہوئے کہہ دیا کہ وہ پست قد ہے۔ آپ ﷺ نے فوراً ٹوکا اور کہا: عائشہ! یہ بھی غیبت ہے۔ (مسند احمد بن حنبل:106)

ایک دفعہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو چھوٹے قد کی وجہ سے ٹھگنی کہہ دیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: عائشہ! یہ ایسا سخت کلمہ تم نے کہا تھا کہ اگر اس کو سمندر کے پانی میں ملا دیا جائے تو وہ بھی سخت کڑوا ہو جائے گا۔

(سنن ابوداؤد، کتاب الادب)

حضور اکرم ﷺ ہمیشہ اس بات کے لئے متفکر رہتے کہ آپ کے اہل بیت آخرت کو کبھی نہ بھولیں اور اس عارضی دنیا سے محبت نہ کریں اور نیکیوں کو بجالانے سے کبھی غافل نہ ہوں اور یہ کہ وہ عبادات کی اعلیٰ معراج کو حاصل کرلیں۔

آنحضرت ﷺ کی وفات کا دن تاریخ انسانی میں سب دنوں پر بھاری ہے۔ آپؐ کے سایہ عاطفت میں رہنے والوں کی زندگی ہی اس دن بدل گئی۔ لیکن آنحضرت ﷺ کی تربیت کا یہ کمال تھا کہ ازواج مطہرات نے اپنے جذبات پر قابو پالیا۔

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہتی تھیں۔ یہ کتنی سخت مصیبت تھی۔ جب ہم کو یہ مصیبت یاد آتی ہے تو ہر مصیبت اس کی وجہ سے ہیچ اور آسان معلوم ہوتی۔

(السیرۃ النبویۃ لابن کثیر۔ جلد 4 صفحہ 538)

ان امہات المومنین نے اپنی باقی ماندہ زندگی اپنے محبوب شوہر محمد ﷺ کی پُرحکمت تعلیمات اور زریں نصائح کے مطابق گزار دی اور آیات الٰہیہ کی تصویر بن گئیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جن کے متعلق حضور اکرم ﷺ نے یہ سند عطا فرمائی تھی کہ آدھا دین عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے سیکھو۔ آپؐ نے امت مسلمہ کی تعلیم و تربیت اور ان کی اصلاح کے لئے ایسا عظیم الشان کام کیا ہے کہ اس کی نظیر نہیں ملتی۔ احادیث کا بہت بڑا ذخیرہ آپ کی روایات پر مبنی ہے۔

احادیث کے مطالعہ سے یہ بات روز روشن کی طرح واضح نظر آتی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے تربیت و اصلاح کے تمام ممکن ذرائع استعمال فرمائے۔ کیونکہ آپ نباض اعظم تھے۔ آپ ہر شخص کے خیر خواہ تھے۔ آپ الدین نصیحۃ کہ دین خیر خواہی کا نام ہے۔ آپ جس کسی شخص کی کمزوری یا خامی دیکھتے، تو اس کے مطابق اس کو نصیحت فرماتے۔

اگر کسی شخص نے حج کے لئے جانے کی اجازت طلب کی تو فرمایا: تمہارے لئے بہتر نیکی والدین کی خدمت ہے۔ کسی کو یہ فرمایا کہ تمہارے لئے بہترین عمل وقت پر نماز پڑھنا ہے رسول اللہ ﷺ کی تربیت کا انداز ہی اچھوتا تھا۔ نیکی پر حوصلہ افزائی فرماتے اور نیکیوں میں آگے بڑھنے کا جوش بھی دلاتے۔

حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بھائی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے متعلق فرمایا: عبداللہ صالح نوجوان ہے۔ کیا ہی اچھا ہو اگر وہ رات کو تہجد کی نماز ادا کرنے کی عادت ڈال لے۔

(صحیح بخاری۔ کتاب الرویا)

حضرت رسول اکرم ﷺ کے اس نصیحت اور محبت بھرے جملے نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ کی زندگی ہی بدل ڈالی۔ وہ ایسا عابد و زاہد انسان بن گیا کہ عمر بھر نماز تہجد نہ چھوڑی۔

روح پر نقش ہے وہ شخص محبت کی طرح
ذکر ہے جس کے فضائل کا عبادت کی طرح
جس نے روحوں میں جلائے تھے محبت کے چراغ
اب بھی ہے سایہ فگن داور رحمت کی طرح

حضرت معاویہ بن حکم رضی اللہ تعالیٰ عنہ جنہیں ایک دفعہ رسول کریم ﷺ کے ساتھ نماز پڑھنے کا موقع ملا اور انہوں نے ایک آدمی کے نماز میں چھینک آ جانے پر یرحمك الله کہہ دیا۔ کہا کرتے تھے میرے ماں باپ آپؐ پر قربان ہوں میں نے آپؐ سے بہتر تعلیم دینے والا کوئی انسان نہیں دیکھا۔ آپؐ نے نہ مجھے مارا نہ برا بھلا کہا۔ صرف اتنا کہا کہ نماز کے دوران کوئی اور بات کرنا جائز نہیں۔ نماز تو ذکر الٰہی ہے۔ اللہ کی تعریف اور بڑائی کے اظہار پر مشتمل ہوتی ہے۔

(صحیح مسلم۔ کتاب الصلوٰۃ، باب تحریم الکلام فی الصلوٰۃ)

امر بالمعروف و نھی عن المنکر مومن کی تربیت کے لئے بہترین ہتھیار ہیں۔ آپ نے خود ان ہتھیاروں سے لیس ہو کر ایک پُرامن اور رسومات سے پاک مثالی اور جنتی معاشرے کی تشکیل فرمائی۔

نوحہ یعنی مردے پر واویلا کرنا عربوں میں نہایت اہم رسم تھی اور کئی کئی دن تک مرنے والے کی موت پر واویلا کیا جاتا۔ ایک ایسی برائی کو ختم کرنا جس پر سارا معاشرہ ہی عمل کر رہا ہو، بہت مشکل کام تھا۔ لیکن آنحضرت ﷺ نے جس حکیمانہ انداز میں اس برائی کو ختم کیا۔ اس کی مثال نہیں ملتی۔ آپ کا تو ہر انداز ہی قابل فخر اور قابل تقلید ہے۔ سچ تو یہ ہے۔

محمدؐ ہی نام اور محمدؐ ہی کام
علیك الصلوۃ علیك السلام

حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو آنحضرت ﷺ کے چچا تھے جنگ احد میں شہید ہوئے۔ تو ابوسفیان کی بیوی ہندہ نے ان کا کلیجہ نکال کر چبایا۔ میدان احد میں ان کا مثلہ ہوا دیکھ کر رسول اللہ ﷺ آبدیدہ ہو گئے۔ آپ اپنے چچا کی لاش سے یوں مخاطب ہوئے: اے چچا! جو دکھ مجھے آج یہاں پہنچا ہے، میرا خدا آئندہ کبھی ایسی تکلیف نہیں دکھائے گا۔ حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپ کی پھوپھی جو بھائی کو دیکھنے آ رہی تھیں، انہیں آپ نے روک دیا کہ وہ بھائی کی حالت کو نہ دیکھ سکیں گی۔ کیونکہ لاش کا حلیہ بگڑا ہوا تھا۔ لیکن حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے صبر کا مظاہرہ کیا۔ نہ سر پیٹا، نہ بال نوچے، نہ چلائیں، نہ واویلا کیا۔ اپنے آقا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی تعلیم پر عمل کرتے ہوئے...... کے الفاظ دہراتی رہیں اور دعائیں کرتی رہیں۔ آنحضرت ﷺ آپ کے پاس بیٹھ گئے اور اس حال میں شریک غم ہوئے۔ صحابہ کہتے ہیں کہ جب حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے آنسو تیز ہونے لگتے تو رسول اللہ ﷺ کے آنسو بھی تیز ہو جاتے اور جب ذرا تھمتے تو آپؐ کے آنسو بھی ذرا تھم جاتے۔ اس حال میں جب مدینہ لوٹے، تو سارا مدینہ ماتم کدہ بنا ہوا تھا۔ ہر گھر سے ماتم کی آوازیں آ رہی تھیں۔

رسول اللہ ﷺ کی شان اقدس دیکھئے! آپ نے مدینہ میں داخل ہوتے ہوئے فرمایا کہ سب رونے والے ہیں، نوحہ کرنے والے ہیں، مگر آج میرے چچا حمزہ کو کوئی رونے والا نہیں۔ وہ انصار جو ساتھ تھے۔ وہ دوڑے اپنے گھروں کو گئے اور کہا سب نوحے چھوڑ دو اور صرف اور صرف آنحضرت ﷺ کے چچا حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نوحہ کرو۔ چنانچہ ساری عورتیں نوحہ کرتے ہوئے رسول اللہ کے گھر پہنچ گئیں۔ رسول اللہ ﷺ کی نظر پڑی تو فرمایا۔ یہ کیا ہو رہا ہے؟ کہا گیا کہ آپ کے چچا حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نوحہ کرنے والی آئی ہیں۔ آپ نے ان کا شکریہ ادا کیا اور فرمایا۔ دیکھو۔ نوحہ منع ہے۔ آج کے بعد میں نوحے کی رسم کو ختم کرتا ہوں۔

دیکھئے! کس شان کا ہے یہ ہمارا پیارا نبی محمد ﷺ! کہ جب سب لوگ اپنے مردوں پر نوحہ کر رہے تھے تو منع نہیں فرمایا۔ لیکن پھر بڑے حکیمانہ انداز میں ان کی توجہ اپنے چچا حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف پھیر دی اور پھر ہمیشہ کے لئے ایک بدرسم کو ختم کر ڈالا۔

آپ نے قرآن کریم کے ارشاد کے مطابق فرمایا:

پس نصیحت کر۔ نصیحت بہرحال فائدہ دیتی ہے۔

(سورۃ الاعلیٰ: 10)

آپ اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق بعض اہم نصائح اور باتوں کا تکرار پسند فرماتے تھے۔ بالخصوص تقویٰ اختیار کرنے کی یاد دہانی کرواتے رہے۔ محاسبہ نفس اور نیکیوں پر سبقت لے جانے کی طرف رغبت دلانا تربیت اور نفس کی اصلاح کا بہترین طریق ہے۔

نبی کریم ﷺ نے اس خوبصورت انداز تربیت سے صحابہ کرام کی زندگیاں تقویٰ کی مشعل بنا دیں۔ اپنی مجالس میں سادہ اور دلنشیں انداز میں باتیں کرتے۔

